## ملک میں 63 سالوں سے میوزیکل چیئر کا کھیل کھیلا جا رہا ہے، متحدہ قومی موومنٹ روایت شکن جماعت ہے جس نے گیم کو ختم کیا

## سابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کا آباد کی جانب سے ظہرانے کی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔24، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک میں 63 سالوں سے میوزیکل چیئر کا کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ نے اس میوزیکل چیئر گیم کی روایت کو ختم کرنے کی بنیاد ڈالی اقتدار میں آنے والے کو سلام اور جانے والے کو مغلظات بکیں جاتی ہیں، ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس کے حق پرست نمائندوں کو جانے کے بعد بھی عوام اچھے نام سے یاد رکھتے ہیں یہ سب قائد تحریک الطاف حسین کی تربیت اور ان کی تعلیمات کا نتیجہ ہے کہ حق پرست نمائندوں کے کاموں کو لوگ یاد رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز ایسوسی ایشن بلڈرز اینڈ ڈویلپرز (آباد) کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کی تقریب سے خطاب میں کیا۔ ظہرانے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون، آباد کے چیئرمین فاروق الزماں اور دیگر عہدداروں نے بھی خطاب کیا اس تقریب میں معروف بلڈرز اور معززین شہر نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں شہر کی تعمیر وترقی کیلئے بہترین خدمات کے اعتراف میں سابق ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو گولڈ میڈل بھی پیش کیا گیا۔ سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ میں ناظم بننے کے بعد اکثر یہ سوچتا تھا کہ جب میں جاؤنگا تو لوگ مجھے اچھے نام سے یاد کریں گے یا نہیں اور میں وہ کام کر بھی سکوں گا جس کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مجھے منتخب کیا ہے، میں اس شہر کو کامیابی سے تعمیر وترقی پر گامزن کرسکوں گا یا نہیں؟ الطاف بھائی نے نہ صرف مجھ پر اعتبار کرتے ہوئے میری حوصلہ افزائی کی بلکہ مجھے قدم قدم پر مشورے دیئے اور رہنمائی کی۔ انہوں نے کہا کہ جس شہر کا ماسٹر پلان نہ ہو، جہاں سڑکیں نہ ہو، 50 سے 55 فیصد آبادی پینے کے پانی کیلئے ترس رہی ہو، اسکولوں کی حالت خراب ہو وہاں کام کرنا بہت مشکل ہوتا ہے تاہم میں اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہی مجھے یہ سب کچھ کرنے کی صلاحیت دی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام حق پرست بلدیاتی نمائندوں کی مدت پوری ہونے کے بعد بھی انہیں اچھا الفاظ میں یاد کر رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ آج کراچی میں جو بھی ترقیاتی کام ہوئے اس کا سہرا صرف اور صرف قائد تحریک الطاف حسین کے سر ہے جن کی فلاسفی نے ہمیں عوام کی خدمت کرنے کا موقع فراہم کیا۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور کو ستارہ امتیاز ملنے پر رابطہ کمیٹی کی دلی مبارکباد

## حق پرست نمائندے قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہیں اور قومی خزانے کو فائدہ پہنچا رہے ہیں

کراچی۔۔۔24، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور کو ستارہ امتیاز ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ یوم پاکستان کے موقع پر صدر پاکستان کی جانب سے حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور کو پاکستان میں سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنے پر ستارہ امتیاز ملنے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حق پرست عوامی نمائندے ٹیکس ادا کرنے کا عمل اپنا قومی فرض وایمانداری سمجھتے ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے پر نہ صرف عمل بلکہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی کا عملی مظاہرہ بھی کررہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قیام پاکستان سے آج تک سرکاری بینکوں سے اربوں وکھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرائے گئے اور غلط گوشوارے جمع کرا کر ٹیکس میں بدیانتی کا مظاہر کیا جاتا رہا ہے جس پر قومی خزانہ کو نقصان پہنچا ہے اور پاکستان کے عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے جارہے ہیں۔

## عالمی منڈی میں چینی کی قیمتوں میں کمی کے فائدے سے عوام الناس کو محروم رکھنا سراسر ظلم ہے، حق پرست ارکان سینیٹ

کراچی۔۔۔24، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سینیٹ نے مطالبہ کیا ہے کہ عالمی مارکیٹ میں چینی کی قیمتیں کم ہونے کا فائدہ فی الفور عوام الناس کو پہنچایا جائے اور اس سلسلے میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ چینی کی ذخیرہ اندوزی، بلیک مارکیٹنگ اور ملک میں مصنوعی قلت پیدا کر کے بڑے پیمانے پر بیرون ملک اسمگلنگ کے باعث اس کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں جبکہ سپریم کورٹ کے واضح حکم کے باوجود ملک کے غریب عوام کو چینی مہنگے داموں فروخت کی جارہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب جبکہ عالمی منڈی میں چینی کی قیمتوں میں نمایاں کمی ہو چکی ہے ملک میں چینی کی قیمتوں میں کمی نہ کرنا سراسر ظلم ہے اور عوام کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ شوگر مافیا کی ملی بھگت کے باعث آج ملک بھر میں چینی کا بحران ہے اور عالمی منڈی میں چینی کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود عوام مہنگی چینی خریدنے پر ہی مجبور ہیں لہٰذا اس سلسلے میں حکومتی سطح پر عوام الناس کو سہولیات کی فراہمی کیلئے مثبت اقدامات کی اشد ضرورت ہے۔ حق پرست ارکان سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ عالمی منڈی میں چینی کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ ہر صورت میں عوام الناس کو پہنچایا جائے اور شوگر مافیا کی ملی بھگت کا خاتمہ کر کے چینی کی قیمتوں کو عوام کی قوت خرید تک فی الفور لایا جائے۔

## گورنر سندھ نے ایڈمٹ کارڈ نہ ملنے کی شکایات پر امتحانات کی تاریخ میں بروقت توسیع کر کے سینکڑوں طلباء کے مستقبل کو تاریک ہونے سے بچالیا ہے، ارکان صوبائی اسمبلی

## کراچی ثانوی بورڈ کے تحت ہونے والے امتحانات کی تاریخ میں توسیع کے فیصلے کا زبردست خیر مقدم

کراچی۔۔۔24، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی جانب سے کراچی ثانوی بورڈ کے تحت ہونے والے نہم اور دہم جماعت کے امتحانات کی تاریخ میں توسیع کے فیصلے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی بورڈ کے تحت ہونے والے ثانوی امتحانات کی تاریخ میں بروقت توسیع کے عمل نے کراچی کے طلباء میں پائی جانے والی بے چینی کو نہ صرف دور کیا ہے بلکہ سینکڑوں طلبہ و طالبات کے مستقبل کو تاریک ہونے سے بچالیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد نے ہزاروں طلبہ کو ایڈمٹ کارڈ نہ ملنے کی شکایات پر امتحانات کی تاریخ میں توسیع کر کے علم دوستی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلباء کے مستقبل سے کھیلنے اور غفلت کا مظاہرہ کرنے والے متعلقہ ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ ایسے عمل کی ہر سطح پر حوصلہ شکنی کی جاسکے۔ حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد سے اپیل کی کہ وہ نہم و دہم جماعت کے امتحانات دینے کے خواہشمند طلبہ و طالبات کی شرکت اور طلباء کو ایڈمٹ کارڈ کی فراہمی فی الفور یقینی بنائی جائے۔

## ایم کیو ایم یو کے شعبہ خواتین کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں لندن میں محفل میلاد منعقد کی گئی

## محفل میلاد میں ایم کیو ایم یو کے کی عہدیداروں اور کارکنوں سمیت خواتین کی بڑی تعداد کی شرکت

## محفل میلاد میں نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ؐ کی سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی گئی اور نعتوں اور درود و سلام کا نذرانہ پیش کیا گیا

## امت مسلمہ کی سربلندی سرور کائنات ؐ کے اسوہ حسنہ پر عمل کرنے میں ہے۔ محترمہ صفیہ اکبر

لندن۔۔۔24 مارچ 2010ء

ایم کیو ایم یو کے شعبہ خواتین کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں لندن میں محفل میلاد منعقد کی گئی۔ لندن کے مقامی ہال میں منعقد ہونیوالی محفل میلاد میں ایم کیو ایم یو کے شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر، دیگر عہدیداروں اور کارکنوں سمیت خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ؐ کی سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی گئی اور سرکار دو عالم ؐ کی شان میں نعتوں کا ہدیہ پیش کیا گیا۔ خواتین کے ساتھ ساتھ کم سن بچیوں نے بھی نعتیں پیش کر کے سرکار دو عالم ؐ سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا۔ بعد ازاں حضور سرور کائنات ؐ کی خدمت میں درود و سلام پیش کیا گیا۔ محفل میلاد کے اختتام پر امت مسلمہ کی سربلندی، پاکستان کی بقاء و سلامتی، ترقی و خوشحالی، عوام کی مشکلات کے

خاتمہ، ایم کیوایم کی جدوجہد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔اس موقع پر ایم کیوایم یو کے شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر نے اپنے مختصر خطاب میں کہا کہ امت مسلمہ کی سربلندی سرور کائناتؐ کے اسوہ حسنہ پر عمل کرنے اور ان کی تعلیمات کی روشنی میں اپنی زندگی کو ڈھالنے میں ہے۔انہوں نے کہا کہ سرکار دو عالمؐ سارے جہانوں کیلئے رحمت بن کر آئے اور انہوں نے احترام انسانیت اور خلق خدا سے پیار کرنے کا درس دیا۔

## فورٹ عباس میں 13 سالہ ذہنی معذور لڑکی کے اغواء اور اجتماعی زیادتی کا نوٹس لیا جائے ،ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب

## اس سے قبل بھی فورٹ عباس میں 12 سالہ بچی سے زیادتی کا واقعہ منظر عام پر آچکا ہے

## پنجاب حکومت ظلم ،زیادتیوں اور ناانصافیوں کے واقعات کی روک تھام کیلئے کیا کر رہی ہے؟

لاہور۔۔۔24،مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین پنجاب نے فورٹ عباس میں 13 سالہ ذہنی معذور لڑکی کے اغواء اور اجتماعی زیادتی کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں آئے روز رونما ہونے والے ظلم، زیادتی اور ناانصافیوں کے افسوسناک واقعات کی روک تھام کیلئے مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی فورٹ عباس کے گاؤں میں 12 سالہ بچی سے زیادتی کا واقعہ منظر عام پر آچکا ہے اور اب 13 سالہ ذہنی معذور لڑکی کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ صوبہ پنجاب میں قانون کی حکمرانی نہیں ہے اور زمیندار، جاگیردار اور بااثر افراد اپنی من مانیاں کرتے رہے ہیں اور مظلوم عوام کو اپنی ہوس اور زیادتیوں کا کھلے عام نشانہ بنا رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ فورٹ عباس سمیت صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں ظلم، زیادتی اور ناانصافیوں کے واقعات کی فی الفور روک تھام کی جائے اور اس سلسلے میں مثبت اور ٹھوس کارروائی عمل میں لائی جائے، انہوں نے 13 سالہ ذہنی معذور لڑکی کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

## لاہور کے مخدوم سلمان عزیز سے ایم کیوایم کا کوئی تعلق نہیں ہے،رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔24،مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وضاحت کی ہے کہ لاہور کے مخدوم سلمان عزیز سے ایم کیوایم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مخدوم سلمان عزیز کافی عرصہ قبل ایم کیوایم لاہور کی ڈسٹرکٹ کمیٹی کے رکن تھے تاہم مخدوم سلمان کی مجرمانہ سرگرمیوں کے باعث انہیں کمیٹی سے فاروغ کر دیا گیا تھا اور اس مخدوم سلمان کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆